
بچوں کا رسالہ

Worksheets for kids



اپنے دین کو سیکھیں
رنگ برنگی دنیا میں

Struggling slaves
Kids

بات کرنے کے آداب



بات کرنے کے آداب میں سے ہے کہ:

سچ بات بولیں

اللہ کا ذکر کریں

نبی ﷺ پر درود بھیجیں



پاکیزہ اور اچھی بات کریں

ممنوع گفتگو سے اجتناب کریں

ہم ان آداب کے بارے میں مزید معلومات جانیں گے۔



سچ بات بولنا:

نبی ﷺ نے فرمایا : بیشک سچائی نیکی کی طرف لے جاتی ہے، اور نیکی جنت کی طرف لے جاتی ہے ۔



بخاری:4906

جب میں کوئی خبر آگے پہنچا رہا ہوں تو مجھے سچ بات پہنچانا ہو گا۔



اگر میں کسی ایسی بات کے بارے میں کہانی سناؤں جو میرے ساتھ پیش آئی تھی تو میں سچی بات ہی بتاؤں گا ۔

جب میں اپنے والد کو بتاتا ہوں کہ سکول میں میرے ساتھ کیا ہوا تو میں سچ ہی بولوں گا ۔

نبی ﷺ کی بتائی ہوئی حدیث کہتی ہے کہ

*سچائی ہی نجات ہے۔ *



میں دوسروں کے ساتھ سچی بات کرتا ہوں کیونکہ اللہ سچ بولنے والوں کے ساتھ ہے ۔

اللہ کا ذکر کثرت سے کرنا

ان لوگوں کی مثال جو اپنے رب کا ذکر کرتے ہیں اور
وہ لوگ جو اپنے رب کا ذکر نہیں کرتے ان کی مثال
زندہ اور مردہ کے برابر ہے ۔



بخاری: 6407

اللہ کا ذکر کرنے کے فائدوں میں سے یہ ہے کہ

اللہ سبحان تعالیٰ اس بندے کو یاد کرتا ہے جو اسے
یاد کرتا ہے۔



دل زندہ ہوتا ہے ۔

گناہوں کو مٹا دیتا ہے ۔

غموں کو دور کرتا ہے ۔



رزق فراہم کرتا ہے ۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

اے اہل ایمان اللہ کا بہت ذکر کیا کرو۔



سورۃ احزاب :41

اللہ کا ذکر کے چند کلمات

سبحان اللہ وبحمدہ
سبحان اللہ العظیم




سُبْحَانَ اللهِ، وَالْحَمْدُ للهِ،
وَلَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ، واللهُ أَكْبَرُ،
وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ



رَضيتُ بِاللهِ رَبّاً وَبِالإِسْلامِ دِيناً
وَبِمُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم نَبِيّاً

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنا

وہ مواقعہ جس میں درود پڑھنا تجویز کیا جاتا ہے



جب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام لیا جائے تو درود پڑھنا چاہیے ۔

نماز میں آخری تشہد کے بعد ۔



اذان اور اقامت کے وقت ۔

جمعہ کے دن اور رات میں ۔

صبح اور شام کے اذکار میں ۔



نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا : جو مجھ پر ایک بار درود پڑھے گا اللہ اس کو دس عنایتیں عطا فرمائے گا ۔

مسلم :408

پاکیزہ اور اچھی بات کرنا

جب کوئی میرے کام میں مدد کر دیں تو میں اسے جزاک اللہ خیرا کہتا ہوں ۔



اگر کوئی دوست میرے ساتھ برا سلوک کرے تو میں برے الفاظ میں جواب نہیں دیتا۔



اگر میں کسی کو غلط کرتا دیکھتا ہوں تو اسے نیک باتوں سے نصیحت کرتا ہوں ۔



نبی ﷺ نے فرمایا : جو کوئی اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہیے کہ نیک بات کرے یا خاموش رہے۔

بخاری: 47

ابو ہریرہ رض کی روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ایک اچھی بات کہنا بھی صدقہ ہے ۔

بخاری :289

چند اچھی باتیں جو ہم دوسروں سے کہیں:

والدین سے کہیں	اللہ آپ کو صحت عافیت برکت عطا کرے ہم نے آپ کی صحبت میں لطف پایا۔
دادا سے کہیں	اللہ آپ کی عمر دراز کرے اپنی اطاعت میں ۔
بہن بھائی سے کہیں	اللہ آپ کو نیک توفیق دے اور آپ کی مدد کرے۔
استاد سے کہیں	جزاک اللہ خیرا، سلام میں پہل کرنا۔
دوست سے کہیں	اللہ آپ کو نیک توفیق دے ، ان سے باہم مشورہ کریں ۔
پڑوس سے کہیں	اھلا، اللہ آپ کو خوش رکھے۔

ممنوع گفتگو سے اجتناب کریں



میں کسی کے عیب کا ذکر دوسروں کے سامنے نہیں کرتا ہوں ۔

میں کسی کی غیبت (پیٹھ پیچھے برائی) نہیں کرتا۔

اور نہ ہی دوسروں کی چغل خوری کرتا ہوں ۔



نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا : مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں ۔

بخاری :10

زبان سے محفوظ ہونا یعنی



جھوٹ نہیں بولنا۔

دوسروں کا مزاق نہیں اڈانا۔

کسی کی توہین نہیں کرنا۔

دوسروں کی غیبت نہیں کرنا ۔

حامد، خالد اور یاسر سکول میں فرست کے وقت ساتھ بیٹھے باتیں کر رہے تھے۔ وہ سب انکے ایک دوست سلیمان کے بارے اسکی غیر موجودگی میں بات کر رہے تھے کہ وہ اپنے پڑھائی میں غفلت برتتا ہے ۔



سکول سے واپس ہوتے وقت خالد نے سلیمان کو بتایا کہ انہوں نے کیا باتیں کی، اور یہ سن کر سلیمان بہت پریشان ہوا۔

بچوں کا اپنے دوست کے بارے میں اس کی غیر موجودگی میں وہ باتیں کرنا جو اسے ناگوار لگے اس کو غیبت کہتے ہیں ۔



خالد نے سلیمان کو وہ ناگوار باتیں بتائیں جو اسکے بارے میں دوستوں نے کی تھی اسکو چغلی کہتے ہیں۔

چغلی کو عربی میں نمیمہ کہتے ہیں ۔



اگر ہمارے سامنے کسی کی برائی بیان کی جارہی ہو تو ہم برائی میں حصہ نہ لیں اور نہ ہی خاموش رہے بلکہ اس شخص کی اچھائی بیان کریں اور اچھی باتیں کریں ۔

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

حامد گھر کے دالان میں گیند کھیل رہا تھا اس نے گیند کھڑکی کو ماردی اور شیشا ٹوٹ گیا۔ حامد کو کیا کرنا چاہیے؟

☆ امی اور ابو سے بات چھپانا چاہیے ۔ ☐

☆ امی اور ابو کو بتا دینا چاہیے اور معافی مانگنا چاہیے۔ ☐

☆ اپنے کئے کا انکار کرنا چاہیے ۔ ☐

حامد اپنے دوستوں کے ساتھ بیٹھا تھا ان لوگوں نے اپنے ایک دوست کی غیبت کردی۔ حامد کو کیا برتاؤ کرنا چاہیے؟

☆ غیبت میں ان کے ساتھ حصہ ڈالے ☐

☆ خاموش بیٹھنا چاہیے ۔ ☐

☆ اس دوست کی اچھائی بیان کرے اور تعریف کرے۔ ☐

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

حامد یاسر کے ساتھ اپنے ایک بھائی کی زیارت کے لئے گیا۔ یاسر گھر کے چیزوں میں عیب بتانے لگا۔ اس کلام کو کیا کہتے ہیں؟

☆ مذاق اڑانا

☆ جھوٹ بولنا

☆ چغلی کرنا

کسی کی پیٹھ پیچھے برائی کرنے کو کیا کہتے ہیں؟

☆ جھوٹ

☆ غیبت

☆ چغلی

دوسروں کے درمیان ہوئی باتوں کو کسی کو بتانے کو کیا کہتے ہیں؟

☆ جھوٹ

☆ غیبت

☆ چغلی

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

نیچے دیئے گئے صفات میں کونسی صفت مختلف ہے؟

- ☐ جھوٹ
- ☐ غیبت
- ☐ چغلی
- ☐ سچائی

ہم اپنے اندر کونسی صفت پروان چڑھانا چاہیے؟

- ☐ سچائی
- ☐ غیبت
- ☐ شجاعت
- ☐ عدل